© rasailojaraid.com

# ملک کی اہم دینی شخصیات کے نام

## حضرت شیخ الحدیث کا مکتوب گرامی

باسمہ سبحانہ

محترمی و مکرمی!

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ          مزاج گرامی؟

گزارش ہے کہ عالم اسلام اور پاکستان کی موجودہ صورت حال آپ جیسے صاحب بصیرت سے مخفی نہیں ہے، پاکستان اور عالم اسلام کے معاملات میں امریکی مداخلت بلکہ جارحیت جس انداز سے بڑھتی جا رہی ہے اس سے ہماری آزادی اور خود مختاری خطرے میں پڑ گئی ہے جبکہ پاکستان میں دینی حلقوں بالخصوص اہل حق کو منتشر کرنے، باہمی خلفشار کا شکار رکھنے اور اسلام اور پاکستان کے لیے کوئی اجتماعی کردار ادا کرنے کی صلاحیت سے انہیں محروم کر دینے کے لیے مسلسل سازشیں ہو رہی ہیں اور علماء کرام اور دینی کارکنوں کی گرفتاریوں، شہادتوں اور مقدمات کا دائرہ وسیع ہوتا جا رہا ہے۔

اس پس منظر میں "مجلس عمل علماء اسلام پاکستان" کے نام سے علماء حق کی دینی و سیاسی جماعتوں کا متحدہ محاذ قائم کیا گیا تھا تا کہ ۱۔ امریکی عزائم کی روک تھام ۲۔ اسلام کے غلبہ و نفاذ ۳۔ فرقہ وارانہ دہشت گردی کے اسباب و عوامل کی نشاندہی۔ ۴۔ دینی مدارس اور اداروں کی آزادی کے تحفظ اور دیگر دینی و قومی اہداف کے لیے مشترکہ جدوجہد کی راہ ہموار کی جائے مگر ان مقاصد کے لیے جس طرح موثر پیش رفت ہونی چاہیے تھی اس کا ابھی تک اہتمام نہیں ہو سکا جبکہ اس کی ضرورت دن بدن بڑھتی جا رہی ہے۔

اس صورت حال میں "مجلس عمل علماء اسلام پاکستان" میں شامل جماعتوں کے قائدین، راہ نماؤں اور ملک بھر کی اہم دینی و علمی شخصیات کو زحمت دی جا رہی ہے کہ ۳۱ جنوری ۹۹ بروز اتوار گوجرانوالہ تشریف لا کر مجلس عمل کی مرکزی مجلس شوریٰ کے اجلاس میں شرکت فرمائیں تا کہ باہمی مشاورت اور تبادلہ خیالات کے ساتھ اس جمود کے خاتمہ اور مشترکہ جدوجہد کے آغاز کے لیے کوئی طریق کار طے کیا جا سکے۔

پروگرام کے مطابق صبح ساڑھے نو سے ساڑھے بارہ بجے تک خصوصی مشاورتی اجلاس ہو گا اور بعد نماز ظہر تا عصر علماء کرام اور کارکنوں کے ساتھ عمومی نشست ہو گی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔ ان دونوں پروگراموں میں آنجناب کی شرکت از حد ضروری ہے۔ اس لیے گزارش ہے کہ آپ ۳۱ جنوری ۹۹ء اتوار کو صبح ساڑھے نو بجے تک مرکزی جامع مسجد (شیرانوالہ باغ) گوجرانوالہ میں تشریف لے آئیں تا کہ اجلاس کی کارروائی بروقت شروع کی جا سکے۔

امید ہے کہ آپ اس اجلاس میں ضرور شرکت فرمائیں گے اور تشریف آوری کی پیشگی اطلاع بھی دیں گے۔ شکریہ

والسلام، ابوالزاہد محمد سرفراز خان صفدر
امیر مجلس عمل علماء اسلام پاکستان
خطیب مرکزی جامع مسجد گکھڑ ضلع گوجرانوالہ
۸ جنوری ۱۹۹۹ء

نوٹ: صبح ساڑھے نو بجے منعقد ہونے والے خصوصی مشاورتی اجلاس میں صرف وہی حضرات شریک ہو سکیں گے جنہیں دعوت نامے جاری کیے گئے ہیں۔ البتہ ظہر کے بعد کی نشست میں متعلقہ دینی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے دیگر سرکردہ حضرات کو بھی شرکت کی اجازت ہو گی۔

© rasailojaraid.com